RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۷ مارچ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ الفاظ ڈھنگ ایک سیر دفعہ قانون آبکاری	۳۵۱
۲	اختیارات [illegible] دفعہ قانون آبکاری	۲
۳	تقرر محمد سعید [illegible] خاں صاحب	〃
۴	رخصت کانسٹبل [illegible] پولیس	〃
۵	قائم مقام [illegible] صاحب توپ خانہ	۳
۶	تصحیح تبدیل [illegible]	〃
۷	اضافہ [illegible] ڈاکٹر صاحب	〃
۸	رخصت رسالدار [illegible]	〃
۹	صوبہ دار و جمعدار [illegible]	〃
۱۰	جمعدار [illegible]	〃
۱۱	صوبہ دار [illegible]	〃
۱۲	جمعدار [illegible]	〃
۱۳	[illegible]	〃
۱۴	[illegible]	〃
۱۵	رخصت [illegible]	〃

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ جنوری ۱۹۱۱ء

ملاحظہ رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر مورخہ ۲۸ جنوری ۱۹۱۱ء دربارہ اضافہ لفظ ڈھنگ ایک سیر قانون آبکاری دفعہ ۳ حرف ک صفحہ ۵ -

رپورٹ منظور ہے - بو اپسی اصلاح ہوجائے -

[illegible]

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری حسب صراحت رپورٹ خود مورخہ ۲۲ جنوری استدعا کرتے ہیں کہ قانون آبکاری کی دفعہ ۳ حرف ک صفحہ ۵ میں دیسی شراب مقطر کے نیچے لفظ ڈھنگ ایک سیر، اضافہ فرمادیا جاوے یہ استدعا صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری قابل منظوری معلوم ہوتی ہے بغرض صدور حکم رپورٹ آبکاری ارسال حضور ہے۔ والادب

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲ فروری سنہ ۱۹۱۱ء

نظری رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر مورخہ ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء در بارہ ازدیاد فرمائے جانے اختیارات طلبی گواہان دفعہ ۵ قانون آبکاری میں — رپورٹ منظور ہے۔ بواپسی اطلاع دیجائے۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

بندگان حضور سے بخیال اجراء کار قانون آبکاری مجریہ یکم فروری سنہ ۱۹۰۹ء میں عہدہ داران آبکاری ریاست ہذا کو حسب صراحت دفعات باب پنجم خاص طور پر معاملات آبکاری کے لئے مثل پولیس اختیارات تفتیش خانہ تلاشی گرفتاری وغیرہ مرحمت فرمائے گئے ہیں مگر اس سلسلہ میں مذکور طلبی گواہان متروک ہوگیا ہے۔ اب تک بہ تدبیر کام چلا گیا مگر اکثر بطور خود طلب کرنے میں جو گواہان آنے سے انکار کردیتے ہیں تو اُن پر کوئی دباؤ قانونی نہیں پڑ سکتا اور ہرج کار سرکار ہوتا ہے اس وجہ سے صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری درخواست کرتے ہیں کہ دفعہ ۵ قانون آبکاری میں اختیارات طلبی گواہان ایزاد فرمادیے جائیں آنکی اس رائے سے خیرخواہ کو بھی اتفاق ہے۔ لہذا کاغذات ہذا باُمید صدور حکم مناسب ابلاغ اجلاس ہمایون ہیں۔ دولت مدام باد

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۸ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مناسب محمد سعید اللہ خان اپنی تنخواہ سابقہ پر اڈیجٹنٹ مقرر کئے جاتے ہیں کپتان کا رینک جیسا کہ سابق میں انکو حاصل تھا اب بھی وہی رینک دیا جاتا ہے۔ تنخواہ کا عملدرآمد یکم مارچ سے ہونا چاہیے۔

(۲) پچیس بیگہ آراضی پختہ واقع منڈیان نادر باغ وشادی نگر پرگنہ حضور تحصیل جو انسے واپس لی گئی ہے پھر انکو بغرض تعمیر باغ وتیاری مکان معافی میں عطا کیجاتی ہے۔ ایک نقل آرمی آرڈر ہذا کی صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل دارالانشا میں بھیجی جاوے اور درج گزٹ ہو

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۹ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت بکام میجر مرزا محمد علی بیگ صاحب بہادر کمانڈنگ افسر امپریل سروس لانسرز بوجہ ناسور پا ۱۰ مارچ سے یکم اپریل تک منظور فرمائی گئی۔

رخصت

۱؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت یکہفتہ صوبہ دار غوث محمد خان قائم مقام کمانڈنگ افسر صاحب توپخانہ بضرورت شرکت عرس پیران کلیر شریف منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۹؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ نائب سررشتہ دار صدر دربارہ تصحیح تعطیل نوروز شمسی بتاریخ ۲۱؍ مارچ سنہ رواں جو نقشہ تعطیلات میں بجائے تعداد یوم بجائے ایک کے دو روز درج ہوگئے ہیں۔

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر باحکام تصحیح جاری ہوں ایک نقل مطبع کو بھیجی جاتے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۳؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب منشاء حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم پچاس روپیہ ماہوار اضافہ مسز ہنری لیڈی ڈاکٹر صاحبہ کی تنخواہ میں منظور کیا گیا۔

ملخص بریگیڈ آرڈرز اجلاس کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج

رخصت

۲؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش قائم مقام کمانڈنگ افسر صاحب تھرڈ اسکوادرن رخصت دس یوم رسالدار ممتاز علیخان تھرڈ اسکوادرن ٹروپ نمبر ۲ بضرورت جانے پیران کلیر شریف ۸؍ مارچ سے ۱۷؍ تک منظور کی گئی۔

۹؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش میجر صاحب سکنڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری رخصت سات سات یوم صوبہ دار مظفر نبی خان کمپنی نمبر ۲ و جمعدار علی جان خان کمپنی نمبر ۶ واسطے شرکت عرس پیران کلیر شریف کے منظور کی گئی۔

۹؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

بسفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری علی غول رخصت سات یوم جمعدار نیاز بہادر خان کمپنی نمبر ۲ تھرڈ بٹالین ۱۲؍ مارچ سے ۱۸؍ تک بضرورت شرکت عرس پیران کلیر شریف منظور کی گئی۔

۱۱؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

صوبہ دار بچے کشن صاحب گورکھا کمپنی کی رخصت یکہفتہ ۱۰؍ مارچ سے ۱۶؍ تک بضرورت خانگی منظور کی گئی۔

۱۱؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کپتان صاحب تھرڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری علی غول رخصت پانچ یوم جمعدار احمد نور خان کمپنی نمبر ۵ تھرڈ بٹالین علی غول ۱۲؍ مارچ سے ۱۶؍ تک واسطے شرکت عرس پیران کلیر شریف کے منظور کی گئی۔

۱۵؍ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش میجر صاحب بہادر فرسٹ بٹالین امپریل سروس انفنٹری رخصت تین یوم لفٹنٹ محمد علی حسن خان ڈبل کمپنی کمانڈر بغرض شرکت عرس پیران کلیر شریف منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

چونکہ مولوی محمد یعقوب وکیل سرکار رخصت پر ہین آنکے کام کے انتظام کی ضرورت ہے - لہذا بمنظوری بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم -

حکم ہوا کہ

تا واپسی مولوی محمد یعقوب وکیل سرکار مرزا محمد حسن وکیل سرکار کی خدمات انجام دین ایام کارکردگی مین آنکو تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار بصیغہ برآمدہ عدالت دیوانی سے ملین گے - احکام ضابطہ جاری ہون -

صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حسب منشا بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم رخصت آٹھ یوم صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب مجسٹریٹ درجہ دوم ۲۳ مارچ سے ۳۰ تک منظور کی گئی -

---

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ پیدائش و اموات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری فروری سنہ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے کاٹے سے	تفصیل امراض: طاعون	میزان انتقالہ ۹ لغایت ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۵	۲۳	۴	۵۷	۴۸	۹	۴۶	۴۲	۴۵	۵۶	۱۶۰	۱۶۶	۲۵۱	۲۶۵	۳۹۷	۱۱۹	۰	۱۷	۰	۱۲۵	۰	۱	۳۷۳	۵۱۶	
گنج	۲۶	۳	۱۴	۱	۴۴	۴۰	۴	۵۰	۴۲	۷۵	۵۸	۱۲۳	۲۱۲	۲۴۸	۳۱۳	۴۵۰	۱۱۱	۰	۶	۰	۶۴	۰	۰	۴۹۱	۵۶۱	
حوالی شہر	۱۱	۴	۱۳	۷	۳۵	۲۴	۱۱	۲	۰	۸	۳	۱۲	۱۹	۲۲	۲۲	۲۶	۱۸	۰	۰	۰	۳۹	۰	۰	۵	۴۴	
عظیم نگر	۲۶	۲۲	۱۶	۱۳	۷۷	۴۲	۳۵	۴	۱	۰	۰	۲۲	۱۳	۲۶	۱۴	۲۰	۲۰	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
شاہ آباد	۲۲	۶۲	۱۷	۵۵	۱۵۶	۳۹	۱۱۷	۱۷	۲۰	۱۶	۸	۷۰	۵۲	۱۰۳	۸۱	۵۰	۱۳۴	۰	۰	۱۳۷	۰	۰	۰	۴۷	۱۸۴	
ہنوالی	۱۲	۸۷	۱۶	۵۱	۱۶۶	۲۸	۱۳۸	۳	۱۰	۷	۱	۱۰۲	۴۵	۱۱۲	۵۶	۲۷	۱۴۱	۰	۲	۰	۱۶۶	۰	۰	۰	۱۶۸	
ملک	۱۶	۶۰	۸	۴۱	۱۲۵	۲۴	۱۰۱	۱۷	۱۵	۹	۱۸	۴۰	۴۱	۶۶	۷۴	۲۳	۱۱۷	۰	۰	۰	۹۵	۰	۰	۴۵	۱۴۰	-
بلاسپور	۵	۱۱	۷	۱۱	۳۴	۱۲	۲۲	۳	۶	۰	۰	۱۵	۱۳	۱۸	۱۹	۱۸	۱۹	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۰	۳۷	
کیمری	۲۶	۲۹	۱۵	۳۱	۱۱۱	۴۱	۷۰	۵	۶	۱	۰	۳۲	۲۵	۳۸	۳۱	۲۹	۴۰	۰	۰	۳۸	۳۱	۰	۰	۰	۶۹	
سوار	۱۵	۵	۴۴	۲۰	۶۸	۳۹	۲۹	۷	۶	۰	۰	۱۸	۲۲	۲۵	۲۹	۲۸	۲۶	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۰	۵۴	
ٹانڈہ	۶۹	۳۰	۴۳	۲۴	۱۶۶	۱۱۲	۵۴	۱۷	۱۳	۸	۷	۴۱	۴۶	۶۶	۶۶	۹۱	۴۱	۰	۰	۱۲۵	۰	۰	۰	۷	۱۳۲	
میزان	۲۶۱	۲۳۲	۱۹۶	۲۵۸	۱۰۴۷	۵۵۷	۴۹۰	۱۷۱	۱۶۳	۱۵۹	۱۵۱	۶۴۵	۶۵۶	۹۶۵	۹۶۰	۱۱۵۹	۱۸۶	۰	۲۵	۳۹۱	۵۶۰	۰	۱	۹۴۸	۱۹۲۵	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۰ مارچ لغایت ۲۶ مارچ سنہ ۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳ سار	•	•	•	[illegible]	•	دیگر تحصیلات کا نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۶۱۰ سار	•	•	•	۱۷۱۰ سار		
نخود کرستینہ	۱۷۱۰ سار	•	•	•	۱۸ سار	•	
کرہ	•	•	•	•	۱۹ سار	•	
ماش	۱۰ سار	•	•	•	۱۰۱۰ سار	•	
مونگ	۱۳ سار	•	•	•	۱۲ سار	•	
مکا	۲۶ سار	•	•	•	۲۸۱۰ سار	•	
جئی	۲۳ سار	•	•	•	۲۱۱۰ سار	•	
گوجئی	•	•	•	•	۱۷ سار	•	
عدس	[illegible]	•	•	•	•	•	
ارہر	•	•	•	•	•	•	
برنج	۷۱۰ سار	•	•	•	۸ سار	•	
روغن زرد	[illegible]	•	•	•	[illegible]	•	
روغن سیاہ	[illegible]	•	•	•	[illegible]	•	
روغن کنجد	[illegible]	•	•	•	[illegible]	•	
نمک سامبھر	۱۳ سار	•	•	•	۱۵ سار	•	
نمک لاہوری	•	•	•	•	•	•	
قند سیاہ	۹ سار	•	•	•	۱۰۸ سار	•	
باجرہ	۲۰ سار	•	•	•	۱۸ سار	•	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور